

# Allbau میں زندگی

ایک اچھے پڑوس میں ایک ساتھ ۔ آپ کو
ایسن میں اپنے نئے گھر میں خوش آمدید۔

Allbau
Mein Zuhause in Essen




# Allbau میں زندگی

اپنے نئے گھر میں خوش آمدید

ہمیں خوشی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ رہتے ہیں اور امید ہے کہ آپ اور آپ کے خاندان کو اپنے اس نئے محلے میں اپنے گھر کا سا احساس ہوگا. ہم خواہش کرتے ہیں کہ آپ کی اپنے نئے گھر میں بہترین گزر بسر ہو اور یہ کہ اپنے پڑوسیوں کےساتھ مہذب اور خوشگوار رابطہ رہے۔۔ اس چھوٹے سے کتابچے میں ہم نے معلومات مرتب کی ہیں جو آپ کی نئی رہائش گاہ میں مل جُل کر رہنے کے حوالے سے مددگار ہوگی۔

## عام معلومات





**کرایہ داری کا معاہدہ**

کرایہ داری کا معاہدہ آپ کے اور ہمارے درمیان ہر اہم بات کی وضاحت کرتا ہے۔ مثلاً، نیٹ کرایہ اور دیگر اخراجات (جیسے کہ گھر گرم رکھنے اور پانی کے پیسے)۔ برائے مہربانی اسے سنبھال کر رکھیں! کرایہ دار کے ذمے کچھ فرائض ہیں! اس کے لیے اپنے ہاؤس ماسٹر سے پوچھیں۔

گھر سے متعلق قواعد و ضوابط


اپنے ہمسایوں کے ساتھ مل کر رہنے کے متعلق بنیادی ضابطے مثلاً اپنے گھر میں آرام کرنے کے اوقات یا دیگر وہ باتیں جو اچھے باہمی رہن سہن کے لیے اہم سمجھی جاتی ہیں۔

## رہائش گاہ میں رہنے کا طریقہ




ہیٹنگ سسٹم

اگر سردی ہو تو آپ گھر کو گرم رکھنے کے لیے ہیٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ ہیٹر کو چلانے کے لیے گھومنے والے بٹن کا استعمال کر سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ یاد رکھیں کہ آپ کو استعمال شدہ انرجی کا خرچ (اضافی اخراجات کی مد میں) کرائے کے علاوہ ادا کرنا ہو گا۔ اگر رات کے لیے سٹوریج ہیٹر موجود ہو تو براہ کرم آخر میں ملحقہ معلوماتی پرچے کو غور سے دیکھ لیں۔




گھر ہوار دار رکھنے سے متعلق

کھانا بنانے، کپڑے دھونے اور نہانے سے گھر کے اندر ہوا نم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا پھپھوندی سے بچنے کے لیے گھر کو باقائدہ طور پر ہوادار رکھیں۔ ہمارے مطابق کھڑکیوں کو روازنہ کم از کم تین، چار بار پانچ سے دس منٹ کے لیے کھولیں۔ براہ مہربانی ہیٹر کے استعمال کے وقت کھڑکیوں کو نہ کھولیں۔


**کپڑے دھونے اور خشک کرنےسے متعلق**

اس بات کو یقینی بنائیں کہ کپڑے دھونے اور خُشک کرنے سے گھر کو نقصان نہ پہنچے مثلاً پھپھوندی یا پانی کی وجہ سے گھر کے فرش یا دیواروں کا نقصان۔ آپ کو کپڑے خُشک کرنے سے متعلق ہدایات کرایہ داری کے معاہدے یا رہائش کے قواعد و ضوابط میں مل جائیں گی۔



**غسل خانے سے متعلق**

براہ مہربانی نہانے دھونے کےلیے صرف باتھ ٹب کا استعمال کریں۔ کموڈ میں ٹائلٹ پیپر کے علاوہ کوئی چیز نہ پھینکیں اور نہ ہی اس پر کھڑے ہونے کی کوشش کریں ۔




**نل کے پانی سے متعلق**

جرمنی میں نلکے کا پانی پینے کے معیار کے مطابق ہونے کی وجہ سے اسے کھانا بنانے اور پینے کے لیے بلا ہچکچاہٹ استعمال کیا جاسکتا ہے۔




**پانی سے متعلق**

براہ مہر بانی اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ پانی وافر مقدار میں فرش میں داخل نہ ہونا چاہیے، غسل خانہ یا گھر کے دیگر کمرے۔ جس کا نتیجہ عمارت کے بتدریج نقصان کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ براہ کرم یہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ استعمال شدہ پانی کا خرچہ آپ کو کرائے کے علاوہ ادا کرنا ہوگا




**کھانا پکانے سے متعلق**

براہ کرم اوون اور کُکر کو اپنے باورچی خانے میں استعمال کریں۔ مہربانی فرما کر کھانے کو کبھی بھی بالواسطہ چولہے پر یا اوون میں نہ رکھیں بلکہ ہمیشہ کسی مناسب برتن میں ڈال کر رکھیں۔ گیس سلنڈر کا استعمال منع ہے۔



**گھر کا استعمال**

براہ مہربانی رہائش گاہ میں کسی طرح کی کوئی تبدیلی نہ کریں۔ اس کا اطلاق بلخصوص پانی کے پائپ اور بجلی کی تاروں پر ہوتا ہے۔ مہربانی فرما کر اگر کوئی ردو بدل کرنے کی ضرورت ہو تو اپنے ہاؤس ماسٹر سے لازماً پوچھیں اور تحریری اجازت نامہ حاصل کرلیں۔ گھنٹی اور لیٹر بکس پر نام کی تختیاں ہاؤس ماسٹر کے ذریعے نصب و تبدیل ہوتی ہیں۔




**حفاظت سے متعلق**

رہائش گاہ کے مختلف حصوں مثلاً بالکونی میں،گھر کے اندر اورکُھلی جگہوں پر کُھلی آگ لگانے کی اجازت نہیں ہے۔




**حفاظت سے متعلق**


رہائش گاہ کے مختلف حصوں مثلاً بالکونی میں،گھر کے اندر اورکُھلی جگہوں پر کُھلی آگ لگانے کی اجازت نہیں ہے۔




**گھرمیں نقصان سے متعلق**

کسی بڑے نقصان (جیسا کہ پانی کے پائپ کا ٹوٹنا) کی صورت میں فوراً ہمیں اطلاع کریں تاکہ ہم بر وقت مرمت کرسکیں۔ براہ مہربانی اپنے ہاؤس ماسٹر یا 0201 2207123 پر رابطہ کریں۔ شام میں اور چھٹی کے دن ایمرجینسی نمبر پر رابطہ فرمائیں جوکہ داخلی دروازےکے ساتھ سیڑھیوں کے پاس شیشے کے بورڈ پر لکھا ہے۔





### قواعد و ضوابط
براہ کرم عمومی صفائی پر توجہ دیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ سیڑھیوں والی جگہ آپ کی رہائش کا حصہ نہیں ہے لہٰذا اسے اپنی جگہ کے طور پر استعمال نہ کریں۔ یہ بہت اہم ہے کہ اسے فرار کے راستے کے طور پر خالی رکھا جائے۔مختلف اشیا جیسے فرنیچر، جوتے، سائیکلیں یا کچرے کے تھیلے یہاں پر نہ رکھے جائیں۔




### کوڑے کرکٹ کا ٹھکانہ
کوڑے کرکٹ کو کبھی بھی اپنے گھر کے باہر زمین پر، بالکونی یا غسل خانے میں، بیسن یا باورچی خانے میں برتن دھونے والی جگہ پر نہ پھینکیں۔
سیڑھیوں والی جگہ پہ کوڑا کچرا اکٹھا نہ کیا جائے۔ جرمنی میں ماحولیاتی وجوہات کی بنا پر کچرے کو چھانٹ کر رکھا جاتاہے۔ براہ مہربانی کوڑا پھینکنے کے لیے اپنے رہائشی کمپلیکس میں  مختلف رنگوں کے ڈبے استعمال کریں۔ اگر گلاس، کاغذ اور کارٹون کو پھینکنے کا کوئی ڈبہ نہ ہو توایسے جتماعی ڈبے آپ کے گھر کے نزدیک میں ہوسکتے ہیں ، وہاں پر
پھینکئے اگر آپ کو کوئی فرنیچریا کوئی ایسی ہی بڑی چیز یا بڑی مقدار میں کچرا پھینکنا ہو تو سال میں ایک بار ایسی سہولت مفت میسر ہوتی ہے۔
بڑی مقدار میں کچرے اُٹھانے کے لیے فون کریں: 0201 8541111
براہ کرم اضافی کچرا ٹھکانہ لگانے سے متعلق تحریر بھی پڑھ لیں۔

## معاشرتی معاملات





### ہمسایوں کے ساتھ تعلقات
اگرآپ ذاتی اعتبار سے ہم آہنگ ہیں تویہ بہت آسان ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم بطور مالک مکان بہت خوش ہوں گے اگر آپ خود کو اپنے نئے پڑوسیوں سے متعارف کروائیں۔ اصولی طور پر، پڑوسیوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھناچاہیے۔ کسی طرح کی مشکل میں اپنے پڑوسیوں کے ساتھ دوستانہ مذاکرات کریں۔ اگر مسئلہ برقرار رہے تو اپنے ہاؤس ماسٹر
سے رابطہ کریں۔ ہم مسائل کا دوستانہ حل نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔



### مہمانوں سے متعلق
آپ اپنی رہائش گاہ پر کسی کو جتنی بار چاہیں مدعو کرسکتے ہیں۔ بس اپنے پڑوسیوں کا خیال رکھیں۔ شور شرابے والی دعوت سے ہمیشہ گریز کریں۔ اپنے ہمسایوں کو پہلے سے مطلع کرنا اچھا ہوتا ہے۔ کسی کو اپنے ساتھ مستقل یا ذیادہ عرصے کے لئے ٹھہرانے سے پہلے ہمیشہ ہم سے پیشگی اجازت طلب فرمائیں۔




### آرام کے اوقات کار
براہ کرم اپنے گھر میں کسی طرح کا شور نہ کریں۔ موسیقی کے آلات، ریڈیو اور ٹی وی کی آواز بہت اُونچی نہ ہونے دیں۔ بلخصوص دوپہر کے کھانے کے وقت ( 13:00سے15:00 بجے)، رات کے وقت ( 22:00سے6:00 بجے)، ہر اتوار اور عوامی چھٹیوں کے دنوں میں۔ یاد رکھیں کہ اونچی آواز میں گفتگو اور فون کالز بھی ہمسایوں کو پریشان کرسکتی ہیں۔



### پالتو جانوروں سے متعلق
براہ کرم اگر آپ پالتو جانور رکھنا چاہتے ہیں تو پہلے ہم سے پوچھ لیں۔ یہ ذہن نشین رہے کہ جانوروں کے بھونکنے اور فجلے سے پڑوسی پریشان ہوتےہیں۔
کتوں کو گھر سے باہر الگ رکھنا چاہیے۔




### گوشت گرل کرنے سے متعلق
گرِلنگ یعنی سلاخوں پر گوشت بھوننا پڑوسیوں کو پریشان کر سکتا ہے۔ ہمیشہ پہلَے سے ہی اپنے ہاؤس ماسٹر سے گرل کرنے کی سہولت حاصل کر لیں۔




**سیڑھیوں کی صفائی سے متعلق**
ایک کرایہ دار کی حیثیت سے آپ کا فرض بنتا ہے کہ سیڑھیوں، چھت اور تہ خانے کی باقاعدگی سے صفائی کریں۔ آپ کا ہاؤس ماسٹر بتائے گا کہ آپ کوکب اور کون سا حصہ صاف کرنا ہے ۔

## انٹرنیٹ، ٹیلیفون اور ریڈیو




**انٹرنیٹ، ٹیلیفون اور انرجی**
انٹرنیٹ، ٹیلیفون اور انرجی (بجلی اور / یا گیس) کے لیے آپ کو اندراج کروانا ہوتا ہے۔ جرمنی میں بہت سے ادارے یہ سہولیات مہیا کرتے ہیں جنہیں آپ انٹر نیٹ پر تلاش کر سکتے ہیں۔ بنیادی طور پر آپ کے Allbau اپارٹمنٹ میں ایک کیبل کنیکشن ہے۔ جس کا خرچ اضافی اخراجات میں شامل ہے۔




**ٹی وی اور ریڈیو**
SAT ڈش لگانے کی اجازت نہیں۔ بین الاقوامی پروگرامز کا آرڈر کیا جاسکتا ہے (دیکھیے صفحہ نمبر 9 )۔ براہ کرم یہ بھی یاد رکھیں کہ جرمنی میں ٹی وی اور ریڈیو کے لیے الگ الگ اندراج کروا کر پیسے دینے پڑتے ہیں جب آپ ARD, ZDF اور جرمن ریڈیو کی خاص عرصے کے لیے سہولت حاصل کرتے ہیں۔ (www.rundfunkbeitrag.de) کچھ خاص صورتوں میں خرچ معاف ہوتا ہے۔ براہ کرم اس کے متعلق مطلع رہیں۔

## ایمر جینسی کی صورت میں




**ایمر جینسی کی صورت میں طرز عمل**
اگرآگ لگے یا کوئی حادثہ ہو، آپ ایمرجینسی کی صورت میں 112 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ معلومات مہیا کریں:

اطلاع کون دے رہا ہے؟
کیا واقعہ ہوا ہے؟
کتنے متاثرین/ زخمی ہیں؟
واقعہ کہاں پیش آیا؟
مہربانی فرما سوالوں کے کے جواب کے لئے تیار رہیں!

براہ کرم آگ لگنے کی صورت میں اپنا اور اپنے گھر والوں کا خیال رکھیں۔ جب گھر کے اندر آگ لگی ہوتو لِفٹ کا استعمال نہ فرمائیں۔ پولیس اور ریسکیو کی ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔



کیا آپ کو مدد کی ضرورت ہے؟
آپ ہم تک کس طرح رابطہ کرسکتے ہیں:

**Allbau - ہاؤس ماسٹر کی سروس کے لیے**
رابطے لیے صفحے کی پُشت پہ دیکھیں۔

**Allbau مرمتی امور کے لیے**
فون نمبر: 123-2207 0201



# موسم سرما میں اکٹھے رہنے سے متعلق

## فعال نظامِ حرارت و ہوا داری

نم اور سرد موسم میں درج ذیل مسائل درپیش ہو سکتے ہیں: دیواروں پہ پھپھوندی یا کھڑکی والی جگھوں پہ چھت گیلی ہو سکتی ہے۔ بنیادی طور پر باورچی خانے ، غسل خانے اور بیڈ روم میں۔ جب ہم کھانا بناتے، نہاتے دھوتے ہیں تو پانی بخارات کی صورت میں ہوا میں جذب ہو جاتی ہے۔ حتٰی کہ سونے کے دوران ایک آدمی کے سانس لینے اور جِلد کے ذریعے 1 لیڑ پانی ہوا میں چلا جاتا ہے۔

پھپھوندی اور نمی سے بچنے کے لیے،
ہمیں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے!

**کثرتِ نمی**

ہوا میں نمی کے جذب ہونے کا انحصار ہوا کے درجہ حرارت پہ ہوتا ہے۔ اگر ہوا گرم ہوتو یہ وافر پانی جذب کر سکتی ہے۔ اگر کمرے کا درجہ حرارت کم ہو جائے تو جذب شُدہ نمی واپس نکل جاتی ہے۔ آبی بخارات ٹھنڈی جگھوں پہ پہنچ کر پانی کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جیسا کہ دیواروں، چھت اور کھڑکی والی جگہیں۔

**پھپھوندی لگنے کے وجوہات:**

گھرکے اندر نم آب و ہوا پھپھوندی لگنے کی وجہ بنتی ہے۔ اپنے کمرے کی آب و ہوا کا ہر وقت مشاہدہ کرنے کے لیے

ہم آپ کو تھرمو ہائیگرومیٹر کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔ اس پیمائشی آلے کی مدد سے آپ ہمشہ اپنے گھر کی آب و ہوا کا جائزہ لے سکتےہیں اور اس کو قابو کرسکتے ہیں۔

**فعال حرارت و ہواداری کے لیے حل:**

سال کے نصف حصے یعنی موسم سرما کے دوران باقاعدگی و مستقل مزاجی سے گھر کو گرم رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ دن ہویا رات، تمام کمروں کا درجہ حرارت 18 سے 20 ڈگری سینٹی گریڈ رکھیں۔ ٹھنڈے کمرے جیسا کہ بیدڈ روم کا درجہ حرارت تقریباً 18 ڈگری سینٹی گریڈ رہے۔ ٹھندڈے کمرے جب استعمال میں نہ ہوں تو ان کے دروازے بند رکھیں۔

**Raumtemperatur:**
*18 °C – 20 °C*

**Luftfeuchtigkeit:**
*50 % – 55 %*

**Lüften:**
*Mehrmals am Tag 5 bis 10 Minuten*





# بجلی اور حرارتی نظام
# چلانے کے لیے ہدایات

**برقی سٹوریج کے ذریعے گھر کو گرم رکھنے کا محفوظ اور آسان طریقہ**

ایک الیکڑک سٹوریج ہیٹر کا استعمال آسان اور مفید ہے۔ کیونکہ یہ بہترین انداز میں چلنے کے ساتھ ساتھ خوشگوار حرارت مہیا کرتا ہے۔ اس ہیٹر کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ بجلی کا استعمال کرتا ہے اور بجلی کو بہترین طرز پر تقریباً مکمل حد تک حرارت میں تبدیل کردیتا ہے۔ رات کےوقت جب بجلی آپ کے لیے سستی ہوتی ہے تو یہ حرارت کا ذخیرہ کر لیتا ہے۔ اس رہنمائی کرنے والے کتابچے کے ذریعے ہم آپ کے ہیٹر کی قسم اور ڈیزائن کی بنیاد پر بتائیں گے کہ کیسے آپ اس کے فوائد سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

**اچھے طریقے سے گھرکو گرم رکھنا:**

تقریباً سب طرح کے ہیٹر رات کے دوران جمع شدہ حرارت کو اپنے اندر موجود پنکھے کے ذریعے اگلے دن باہر نکالتے ہیں۔ کمرے میں درجہ حرارت کتنا ہونا چاہیے اس چیز کو ہیٹر کے اندر درجہ حرارت قابو کرنے والے آلے یا پنکھے کوچلانے یا بند کرنے والے خود کار تھرموسٹیٹ، جو کمرے میں ہی ہے، کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ ہیٹر کی کچھ اقسام کے اندر پنکھا کنڑول لیمپ کے ذریعے چلتا ہے۔ براہ کرم پنکھے کو گرم ہونے سے محفوظ رکھیں ۔ حرارت مکمل طور پر ہیٹر سے نہیں نکلتی لہٰذا آپ کو زیادہ اخراجات اُٹھانے پڑتے ہیں۔

**کسی بھی موسم میں بہترین سیٹنگ**

اگر آپ کو نہیں معلوم کہ بیان کی گئی سٹوریج ہیٹر کی اقسام میں سے آپ کے پاس کون سا ہیٹر ہے تو آپ اپنے ہاؤس ماسٹر سے معلوم کرسکتے ہیں جو آپ کی مدد کرکے خوشی محسوس کرے گا۔

**خود کار چارجنگ کے بغیر ہیٹر**

خود کار چارجنگ کے بغیر ہیٹر ہونے کی صورت میں آپ اس کی سیلف سٹویج درجہ حرارت کو خود سیٹ کر دیں۔ بالآخر یہ باہر کے درجہ حرارت، موجودہ موسمی حالات اور آپ کے ذاتی معیار پیر منحصر ہے۔ موسم گرما میں، آپ چارج کنٹرول کودرجہ صفر پہ سیٹ کر دیں(چارجنگ بند کر دیں)۔ موسم سرما کی چھٹیوں میں درجہ دوم اور تھرموسٹیٹ 16 ڈگری سینٹی گریڈ پر ہونا مناسب ہوتا ہے، تاکہ گھر ٹھنڈا نہ ہو درجہ حرارت برقرار رہے۔


**خود کار چارجنگ والے ہیٹر**

خود کار چارجنگ والے سٹوریج ہیٹر بیرونی حساس آلے کی مدد کے ذریعے خود کار طریقے سے اس بات کی جانچ کرسکتے ہیں کہ رات کے دوران کتنی حرارت ذخیرہ کرنی ہے۔ ہیٹر میں باقی ماندہ تھوڑی سی بھی اضافی حرارت خود کارطریقے سے استعمال ہوسکتی ہے۔ ہیٹر پہ لگے چارجنگ ریگولیٹر کو ہمیشہ بالائی حد پہ سیٹ کیا جانا چاہیے۔ اگرآپ الگ الگ کمروں کو گرم رکھنا چاہتے ہیں جیسا کہ بیڈ روم، تو آپ ایسا ہیٹر کے چارجرکے ذریعے بالواسطہ کرسکتے ہیں۔


**Tagsüber:**
*18 °C – 20 °C*

**Nachts oder bei längerer Abwesenheit:**
*16 °C – das verhindert das Auskühlen des Raumes.*

**Beim Lüften der Wohnung:**
*0 °C – in dieser Einstellung wird Wärme nur über die Geräteoberfläche abgegeben.*




Aufladeregler am Gerät ohne Aufladeautomatik




Aufladeregler am Gerät mit Aufladeautomatik

### گھریلو سٹیشن والے آلات

ایسے گھر جہاں ایک سے زائد خاندان رہتے ہوں وہاں عام طور پرپوری عمارت کے لیے ایک خود کار مرکزی چارجنگ سسٹم ہوتا ہے۔ یہ نظام خود کار طریقے سے جانچ لیتا ہے کہ رات کے دوران کتنی حرارت ذخیرہ ہونی چاہیے۔ آپ کے گھر کے تمام آلات اس مرکزی گھریلو سٹیشن پر لگے مشترک ریگولیٹر کے ذریعے آسانی سے چارج ہوسکتے ہیں۔

بنیادی سیٹنگ سے انحراف (a):
کنٹرولر کو نیوٹرل پہ کر دیں۔
اگر آپ مزید حرارت ذخیرہ کرنا چاہتے ہیں تو (b):
کنٹرولر کو مثبت حد میں کر دیں۔
اگر آپ کم حرارت ذخیرہ کرنا چاہتے ہیں تو (c):
کنٹرولر کو منفی حد میں کر دیں۔







اگر آپ الگ الگ کمروں کا درجہ حرارت کم رکھنا چاہیں تو متعلقہ یونٹ کے کنٹرولر کے ذریعےآپ ایسا بالواسطہ کر سکتے ہیں۔ گرمی کے مہینوں میں، آپ چارج کنٹرول کو ”0“ پہ سیٹ کر سکتے ہیں تاکہ چارجنگ نہ ہو۔ موسم سرما کی چھٹیوں میں گھر ٹھنڈا نہ ہواور مناسب درجہ حرارت

برقرار رہے اس بات کو یقینی بنانے کےلیے درجہ دوم سیٹ کیا جانا چاہیے (درجہ حرارت کو 16 ڈگری سینٹی گریڈ پر سیٹ کر دیں)۔

### سب سے موزوں چناؤ

جدید سٹوریج سسٹم محفوظ ہونے کے ساتھ کم خرچ پہ چلتے ہیں اور(الیکٹریکل انجینیرنگ کی ایسوسی ایشن) VDEکے سخت ضابطوں پہ پورا اُترتے ہیں۔ ان کی صلاحیتوں سے بھر پور فائدہ اٹھانے کے لیے درج ذیل معلومات کا خیال رکھا جانا چاہیے:

براہ کرم الماریوں اور فرنیچر وغیرہ کا یونٹ سے فاصلہ کم از کم 10 سینٹی میٹر رکھیں۔

اس بات کی یقین دھانی کر لیں کہ ہوا باہر خارج کرنے والا سوراخ پردے وغیرہ سے ڈھکا نہ رہے۔

ہمارا مشورہ ہے کہ ہوا داری کی جگہوں کو سال میں ایک بار ویکیوم کلینر کے ذریعے صاف کیا جائے۔



## مناسب گرمائش اورہواداری کے لیے تجاویز:

موسم بہار اور خزاں میں بھی کمرے کافی ٹھنڈے نہیں ہونے چاہییں۔
اصول: کمرے کا درجہ حرارت جتنا کم ہو آتنا ہی زیادہ اسے ہوا دار رکھا جائے۔
دن کے دوران کبھی بھی گھر پوری طرح سے گرم نہ کریں۔ ایک مستقل اوسطاً درجہ حرارت گھرکو بار بارپورا گرم اور ٹھنڈا کرنے کی نسبت زیادہ پیسے بچاتا ہے۔
گھرکے اندر گرم کیے گئے مختلف کمروں کے دروازوں کودن رات بند رکھیے۔
انرجی بچانے کےلیے گھر کو دن میں کئی بار ہوا لگوائیں، کھڑکیوں کو جلدی سے کھولیے(یعنی اچانک ہوا لگوانا (5 سے 10 منٹ عام طور پر کافی ہوتے ہیں) ۔ ترچھی حالت میں کھڑکی کھلی ہونے کا مطلب ہے کہ حرارتی انرجی ضائع ہوئی ہے۔

# ڈیجیٹل بین الاقوامی ٹی وی

ٹیلی ویژن آپ کی زبان میں ۔

## پولش — 7.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| TV Polonia | TV Silesia (L) |
| Rai Tre (R) | TVN 24 |
| iTVN | |

## فرانسیسی — 2.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| France 2 | France 3 |
| France 4 | France 5 |
| France 24 | |

## روسی — 14.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Channel One Russia | RTVD |
| RTR Planeta | Nasch Kinomir |
| NTV Mir | TeleBom/TeleDom |

## کروشین — 2.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| HRT TV (L) | Balkanika Music Television (L) |
| HRT HR1 Radio (L) (R) | CMC |
| DM Sat | |

## پنک سربین ٹی وی — 13.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Pink Plus | Pink Extra |
| BN TV | Pink Radio |
| Pink Film | Pink Folk |

## سربین — 4.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| RTS Sat | TV Crne Gore Sat |
| BN TV | DM Sat |
| Balkanika Music Television (L) | |

## بوسنین — 7.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Hayat Plus (L) | Balkanika Music Television (L) |
| TV Crne Gore Sat (L) | BN TV |

## ہسپانوی / پُرتگالی — 4.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| 24 Horas (es) | TVE Internacional (es) |
| RTP Internacional (p) | Radio Exterior de Espagna (es) (R) |

## اطالوی — 6.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Rai Uno (L) | Rai Due (L) |
| Rai Tre (L) | Rai News 24 |
| Rai Radio 1 (R) | Rai Storia |
| Mediaset Italia | |

## البانوی — 9.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Klan Kosova | Balkanika Music Television (L) |
| Kohavision TV | Radio Project 21 (R) |
| Radio Dukagjini (R) | RTK 1 |
| RTV 21 | |

## تُرکش — 7.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Kanal 7 Avrupa | EURO STAR |
| EURO D | Metropol FM (R) |
| NTV Avrupa (L) | TV8 Int |
| CNN TÜRK | SHOW TURK (R) |
| Power Türk | Slow Türk (R) |
| KRAL FM (R) | Radyo Türk (R) |

## جاپانی — 49.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| JSTV Japan Satellite Television (L) | JSTV Radio Japan (L) (R) |

## عربی — 4.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Al Arabiya | MBC Maghreb al Arabia |

## یونانی — 9.99 یورو ماہانہ ※

| | |
|---|---|
| Mad TV (L) | Antenna TV (Ant 1) (L) |

(R) ریڈیو پروگرام

(L) قانونی وجوہات کی بنا پر ان کا کچھ حصہ روکا جا سکتا ہے۔

※ معاہدے کا دورانیہ کم از کم 12 ماہ ہے۔ جب آپ بین الاقوامی ڈیجیٹل ٹی وی کا آرڈر دیتے ہیں تو درج ذیل آپ کو اضافی طور پر مفت ملتے ہیں: Digital-TV BONUS STINGRAY Music



# کس کوڑے دان میں کیا ڈالنا ہے؟

کس کوڑے دان میں کیا ڈالنا ہے؟

آج کا کچرا ہمارے کل کے لیے خام مال ہوتا ہے۔ کچرے کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لیے اسے الگ الگ رکھا جانا چاہئے۔ یہ صرف آپ کے تعاون سے ہی ممکن ہے۔ آپ کو مختلف رنگوں کے کوڑا دانوں اور عوامی مقامات کا پتہ ہے جہاں سے کوڑا آٹھایا جاتا ہے۔ سرسری جائزے میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کس کچرے کا تعلق کس کوڑے دان سے ہے۔




**ہرطرح کے کاغذ اور گتے کی چیزوں کے لیے**
کاغذ کے لفافے، کتابیں، کارٹن، گتے کی فائلز ، کاغذ کے تھیلے، میگزین، اخبار، کاغذ اور گتے کی پیکنگرسالہ جات، کاغذی پیکنگ یا کاغذ مثلا واشنگ پاؤڈر کی پیکنگ کا ڈبہ وغیرہ ۔

4
ہر چار ہفتے بعد خالی کیا جاتا ہے۔

---




**باورچی خانے اور باغ سے تعلق رکھنے والی تمام اشیا**
**باورچی خانے کا کچرا**، جیسے کہ سبزیاں، پھلوں کی ٹوکریاں، انڈوں کے چھلکے، کافی، فلٹر والے تھیلے، چائے کے تھیلیاں۔
**پودوں کا کچرا**، مثلاً مرجھائے پھول، گرے ہوئے پھول، گھر کے اندر رکھے ہوئے پودوں کے مرجھائے ہوئے حصے، باغ کا فضلہ، درختوں ،جھاڑیوں اورباڑے کے ٹوٹے ہوئے اجزا، خشک پتے اور جنگلی جڑی بوٹیاں۔

2
ہر دو ہفتے بعد خالی کیا جاتا ہے۔

---




**ہر طرح کی پلاسٹک اور دھاتی اشیا**
**دھات**، غذا کے ڈبے، مشروبات کے ڈبے، ایلومینم کی باقیات، ایلومینم کے ڈھکن، ایلومینم کے ورق۔
**کمپازٹ**، جیسے کہ مشروبات اور دودھ کے کارٹن
**پلاسٹک**، جیسے کہ پرت، تھال، کھنگالنے، دھونے اور ذاتی استعمال والی بوتلیں، دودھ سے بنی اشیا والے کپ، مارجرین وغیرہ، فوم ، پولی سٹائرین۔

2
ہر دو ہفتے بعد خالی کیا جاتا ہے۔

---





گھریلو بچی کچی اشیاء
اُبلی ہوئی غذا کی باقیات، ہڈیاں اور گوشت، حفظان صحت سے متعلق اشیاء جیسے کاغذ، تولیے، ڈائپر، گزرگاہ کا کچرا، ویکیوم کلینرکے تھیلے، کچرا، راکھ، بلی کا گند وغیرہ، آلودہ اشیاء، سگریٹ کے ٹکڑے۔

1
ہفتہ وار خالی کیا جائے

---

## بھاری کچرا اور الیکٹرانک کچرا



تمام بھاری اور الیکٹرانک اشیاء گدے، دراز گھریلو اشیا
، سائکلیں، باغیچے کا فرنیچر، میز، کرسیاں، الماریاں، اور قالین,
الیکڑانکس، کپڑے دھونے والی مشین فریج اور فرنیچر، ٹی وی سیٹ، اوون،
چولہے، برتن دھونے اورسکھانے والی مشین، کمپیوٹر

مفت کچرا اٹھوانے کے لیے۔
0201 854-1111 پر فون کرکے یا sperrmuell@ebe-essen.de پر میل
کرکے طے کیا جاسکتا ہے۔

---

## بجلی سے چلنے والی چھوٹی اشیاء




اِستری، پانی گرم کرنےوالا، داڑھی مونڈھنے والا، ٹوسٹر اور کافی مشین
کولازماً ریسائکلنگ کے مرکز میں لایا جائے۔

ترسیل مفت ہے
مزید معلومات کےلیے، براہ مہربانی 0201 854-2723 پر رابطہ فرمائیں۔

---

## زہریلا کچرا




ہر وہ چیز جو زہریلی یا زنگ آلود ہو:
بیٹریاں )کار کی اور چھوٹی بیٹریاں(، بریک کا تیل، ٹھنڈا کرنے والا مادہ،
کمیائی مادے، انرجی سیونگ لیمپ، فلوریسنٹ ٹیوب،
رنگ و روغن، پالش، سالوینٹ، تیزاب، اساس، گھریلو اشیاء
کی صفائی کرنے والے محلول، نباتاتی قلم، اسپرے والے ڈبے اور انکی باقیات۔

---

## پرانے کپڑوں والا ڈبہ




وہ سب جو اب آپ نہیں پہنتے، ملبوسات کو تھیلوں میں لپیٹ دیں،
جوتے )جوڑے بنا کر(

ایسے ڈبے شہر کی کچھ گلیوں میں ہوتے ہیں۔

---

## پرانے شیشے کا کچرا دان



شیشے کی ہر شے
بوتلیں اور محفوظ رکھنے والے مرتبان، شیشے کی بوتلوں کو یوں چھانٹا جائے
براؤن شیشہ، سفید شیشہ ، سبز شیشہ

ایسے ڈبے شہر کی کچھ گلیوں میں ہوتے ہیں۔

---





# یہاں آپ اپنے ہاؤس ماسٹرسے ملتے ہیں سب سے اہم معلومات اور حقائق کی جھلک:




| | کُھلنے کے اوقات کار | ای میل | رابطہ نمبر | ہاوس ماسٹر |
|---|---|---|---|---|
| 1 Essen Nord | 1 | 0800 7234009-01 | Hausmeister1@ise-essen.de | 1 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 2 | 0800 7234009-02 | Hausmeister2@ise-essen.de | 1 منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 3 | 0800 7234009-03 | Hausmeister3@ise-essen.de | 1 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 4 | 0800 7234009-04 | Hausmeister4@ise-essen.de | 1 جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| | 5 | 0800 7234009-05 | Hausmeister5@ise-essen.de | ① جمعرات: شام 4 سے 7<br>② بجے پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| 2 Essen Ost | 11 | 0800 7234009-11 | Hausmeister11@ise-essen.de | 4 منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 12 | 0800 7234009-12 | Hausmeister12@ise-essen.de | 4 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 13 | 0800 7234009-13 | Hausmeister13@ise-essen.de | ③ منگل: شام 3 سے 4 بجے |
| | 14 | 0800 7234009-14 | Hausmeister14@ise-essen.de | 4 جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| | 15 | 0800 7234009-15 | Hausmeister15@ise-essen.de | 4 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 16 | 0800 7234009-16 | Hausmeister16@ise-essen.de | 3 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 21 | 0800 7234009-21 | Hausmeister21@ise-essen.de | 5 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 22 | 0800 7234009-22 | Hausmeister22@ise-essen.de | 5 منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 23 | 0800 7234009-23 | Hausmeister23@ise-essen.de | 5 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 24 | 0800 7234009-24 | Hausmeister24@ise-essen.de | 5 جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| 3 Essen Süd | 26 | 0800 7234009-26 | Hausmeister26@ise-essen.de | 6 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 27 | 0800 7234009-27 | Hausmeister27@ise-essen.de | 6 منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 28 | 0800 7234009-28 | Hausmeister28@ise-essen.de | 6 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 29 | 0800 7234009-29 | Hausmeister29@ise-essen.de | 6 بدھ: شام 4 سے 5بجے |
| 4 Essen West | 6 | 0800 7234009-06 | Hausmeister6@ise-essen.de | ② منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 7 | 0800 7234009-07 | Hausmeister7@ise-essen.de | ② جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| | 8 | 0800 7234009-08 | Hausmeister8@ise-essen.de | 2 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 9 | 0800 7234009-09 | Hausmeister9@ise-essen.de | 2 بدھ: شام 4 سے 5 بجے |
| | 10 | 0800 7234009-10 | Hausmeister10@ise-essen.de | 3 منگل: شام 4 سے 5 بجے |
| | 17 | 0800 7234009-17 | Hausmeister17@ise-essen.de | 6 جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| | 18 | 0800 7234009-18 | Hausmeister18@ise-essen.de | 3 پیر: شام 5 سے 6 بجے |
| | 19 | 0800 7234009-19 | Hausmeister19@ise-essen.de | 3 جمعہ: صبح 8 سے 9 بجے |
| | 20 | 0800 7234009-20 | Hausmeister20@ise-essen.de | ④ جمعرات: شام 4 سے 5 بجے |

### **Allbau** کے مراکز

1. Altenessen: Altenessener Straße 377
2. Bedingrade: Ackerstraße 19/21
3. Altendorf: Hüttmannstr. 11
4. Huttrop: Steeler Str. 328
5. Leithe: Isingplatz 4
6. Holsterhausen: Keplerstraße 81

### **Allbau** ملنے کے مقامات:

① Stoppenberg: Hangetal 87
② Stoppenberg: Nothofsbusch 9
③ Südostviertel: Storpstraße 9
④ Bochold: Mitzmannweg 6


AllbauKundencenter
Kastanienallee 25
45127 Essen

T. 0201 2207-0
F. 0201 2207-269
info@allbau.de
www.allbau.de


Stand: Juli 2017